سوال

(848) ''باغ والوں'' کے قصے کی اصل؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

''باغ والوں نے والدین کو خرچ دینا بند کردیا تو اللہ نے ان کا باغ برباد کردیا'' یہ قرآن مجید میں کس مقام پر مذکور ہے؟ (سائل) (۴جولائی ۲۰۰۳ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اصل واقعہ یوں نہیں ہے، بلکہ بعض سلف کے بقول اصل صورتِ حال یہ ہے کہ والد کی وفات کے بعد اس کی اولاد نے فقراء ومساکین پر صدقہ کرنا بند کردیا تو اللہ نے بطورِ سزا ان سے مال چھین لیا۔ ملاحظہ ہو: تفسیر ابن کثیر: ۵۲۳/۴۔ اور یہ واقعہ انتیسویں پارے کی ''سورۃ القلم'' میں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، متفرقات: صفحہ:575

محدث فتویٰ